10 AUG 2021

رہنمائے دکن

## مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو میڈیم اساتذہ کیلئے ورکشاپ کا آغاز

حیدرآباد۔ 9 اگست (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے زیر اہتمام اردو میڈیم پرائمری اسکول کے اساتذہ کے لئے Content Enrichment پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا آج آغاز ہوا۔ پہلے اجلاس میں پروفیسر محمد مشاہد، صدر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے Content Enrichment کی اہمیت اور افادیت پر سیر حاصل گفتگو کی اور شرکا کے سوالوں کے جوابات دیے۔ اس موقع پر مرکز کے ڈائرکٹر، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی نے خیر مقدمی کلمات پیش کیے اور ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ اس اجلاس کی کاروائی مصباح انظر، اسسٹنٹ پروفیسر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے چلائی۔ اور ہدیہ تشکر ورک شاپ کو آرڈینیٹر، ڈاکٹر وقار النسا، اسوی ایٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے پیش کیا۔ قبل ازیں ڈاکٹر عبدالعلیم کی تلاوت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔

RD

راشٹریہ سہارا

## اردو میڈیم اساتذہ کیلئے ورکشاپ کا آغاز

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے زیر اہتمام اردو میڈیم پرائمری اسکول کے اساتذہ کیلئے پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا آج آغاز ہوا۔ پہلے اجلاس میں پروفیسر محمد مشاہد، صدر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے Content Enrichment کی اہمیت اور افادیت پر سیر حاصل گفتگو کی اور شرکا کے سوالوں کے جوابات دیے۔ اس موقع پر مرکز کے ڈائرکٹر، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی نے خیر مقدمی کلمات پیش کیے اور ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔

RD

رہنمائے دکن

10 AUG 2021

راشٹریہ سہارا

### اردو یونیورسٹی میں ٹیکنیکی ایم پلمنٹ

### پروگرام پر پروفیسر عین الحسن کا خطاب

[illegible]

### انسانی اقدار پر حق اور کی ٹیکنالوجی کیلئے بھی ناقابل شکست

### مانو میں ٹیکنیکی ایم پلمنٹ پروگرام کا آغاز، پروفیسر عین الحسن کا خطاب

[illegible]

Sakshi

### 'సాంకేతిక పరిజ్ఞానం మానవ విలువలను ఓడించదు'

[illegible]

ALHUBAB 10-08-2021.

# اردو میڈیم اساتذہ کے لیے ورکشاپ کا آغاز

حیدرآباد (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے زیر اہتمام اردو میڈیم پرائمری اسکول کے اساتذہ کے لئے Content Enrichment پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا آج آغاز ہوا۔ پہلے اجلاس میں پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبۂ تعلیم و تربیت نے Content Enrichment کی اہمیت اور افادیت پر سیر حاصل گفتگو کی اور شرکا کے سوالوں کے جوابات دیے۔ اس موقع پر مرکز کے ڈائرکٹر، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی نے خیر مقدمی کلمات پیش کیے اور ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ اس اجلاس کی کاروائی مصباح انظر، اسسٹنٹ پروفیسر سی پی ڈی یو ایم ٹی نے چلائی۔ اور ہدیہ تشکر ورک شاپ کوآرڈینیٹر، ڈاکٹر وقارالنساء، اسوسی ایٹ پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت نے پیش کیا۔ قبل ازیں ڈاکٹر عبدالعلیم کی تلاوت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔

ALHUBAB 10-08-2021

# انسانی اقدار بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی کے لیے بھی ناقابل شکست

## اردو یونیورسٹی میں فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز: پروفیسر عین الحسن کا خطاب




حیدرآباد، 9/ اگست (پریس نوٹ) ٹیکنالوجی دن بہ دن طاقتور ہوتی جارہی ہے لیکن یہ انسانی اقدار کو شکست نہیں دے سکتی۔ اس خیال کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (اے آئی سی ٹی ای) کے اسپانسر کردہ فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ اس کا موضوع ''آگمنٹیڈ ریالٹی اینڈ ورچول ریالٹی'' تھا۔ مانو پالی ٹیکنک، حیدرآباد کے زیر اہتمام 5 روزہ آن لائن پروگرام کا اہتمام 9 تا 13 اگست کیا جارہا ہے۔

ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے حوالے سے پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ یہ تجزیہ کا دور ہے۔ بہت ساری معلومات اور بہت زیادہ مواد دستیاب ہے۔ ہمیں ایسے افراد کی ضرورت ہے جو ان معلومات کا تجزیہ کریں اور یہ فیصلہ کرنے میں ہماری مدد کریں کہ ہمارے لیے کیا مفید اور اہم ہے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں ٹیکنالوجی کا استعمال سیکھنے پر بھی زور دیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے تعلیم و تدریس میں ٹیکنالوجی کی اہمیت کے متعلق معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے حقیقی تعلیم کے لیے اختراعی نوعیت کے حامل تدریسی امدادی اشیاء کی تیاری پر زور دیا۔ ابتداء میں پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے شرکاء کا خیر مقدم کیا اور یونیورسٹی کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک نے شکریہ ادا کیا۔ محترمہ عصمت فاطمہ، کوآرڈینیٹر پروگرام نے کارروائی چلائی۔

# انسانی اقدار بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی کیلئے بھی ناقابل شکست

## اردو یونیورسٹی میں فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز۔ پروفیسر عین الحسن کا خطاب

حیدرآباد، 9/اگست (پریس نوٹ) ٹیکنالوجی دن بہ دن طاقتور ہوتی جارہی ہے لیکن یہ انسانی اقدار کو شکست نہیں دے سکتی۔ اس خیال کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (اے آئی سی ٹی ای) کے اسپانسر کردہ فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ اس کا موضوع ''آگمنٹیڈ ریالٹی اینڈ ورچول ریالٹی'' تھا۔ مانو پالی ٹیکنک، حیدرآباد کے زیر اہتمام 5 روزہ آن لائن پروگرام کا اہتمام 9 تا 13 اگست کیا جارہا ہے۔ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے حوالے سے پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ یہ تجزیہ کا دور ہے۔ بہت ساری معلومات اور بہت زیادہ مواد دستیاب ہے۔ ہمیں ایسے افراد کی ضرورت ہے جو ان معلومات کا تجزیہ کریں اور یہ فیصلہ کرنے میں ہماری مدد کریں کہ ہمارے لیے کیا مفید اور اہم ہے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں ٹیکنالوجی کا استعمال سیکھنے پر بھی زور دیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے تعلیم و تدریس میں ٹیکنالوجی کی اہمیت کے متعلق معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے حقیقی تعلیم کے لیے اختراعی نوعیت کے حامل تدریسی امدادی اشیاء کی تیاری پر زور دیا۔ ابتداء میں پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے شرکاء کا خیر مقدم کیا اور یونیورسٹی کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک نے شکریہ ادا کیا۔ محترمہ عصمت فاطمہ، کوآرڈینیٹر پروگرام نے کاروائی چلائی۔


آداب تلنگانہ
ADAB-E-TELANGANA URDU DAILY HYDERABAD
منگل ۔ 10/ اگست 2021

# اردو میڈیم اساتذہ کیلئے ورکشاپ کا آغاز

حیدرآباد 9/ اگست (پریس نوٹ) مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے زیرِ اہتمام اردو میڈیم پرائمری اسکول کے اساتذہ کے لئے Content Enrichment پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا آج آغاز ہوا۔ پہلے اجلاس میں پروفیسر محمد مشاہد، صدر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے Content Enrichment کی اہمیت اور افادیت پر سیر حاصل گفتگو کی اور شرکا کے سوالوں کے جوابات دیئے۔

# انسانی اقدار بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی کے لیے بھی ناقابل شکست

## اردو یونیورسٹی میں فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز۔ پروفیسر عین الحسن کا خطاب




حیدرآباد، 9ر اگست (پریس نوٹ) ٹیکنالوجی دن بہ دن طاقتور ہوتی جارہی ہے لیکن یہ انسانی اقدار کو شکست نہیں دے سکتی۔ اس خیال کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (اے آئی سی ٹی ای) کے اسپانسر کردہ فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کے افتتاحی اجلاس میں کیا۔ اس کا موضوع ''آگمنٹیڈ ریالٹی اینڈ ورچول ریالٹی'' تھا۔ مانو پالی ٹیکنک، حیدرآباد کے زیر اہتمام 5 روزہ آن لائن پروگرام کا اہتمام 9 تا 13 اگست کیا جارہا ہے۔ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے حوالے سے پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ یہ تجزیہ کا دور ہے۔ بہت ساری معلومات اور بہت زیادہ مواد دستیاب ہے۔ ہمیں ایسے افراد کی ضرورت ہے جو ان معلومات کا تجزیہ کریں اور یہ فیصلہ کرنے میں ہماری مدد کریں کہ ہمارے لیے کیا مفید اور اہم ہے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں ٹیکنالوجی کا استعمال سیکھنے پر بھی زور دیا۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، رجسٹرار انچارج نے تعلیم و تدریس میں ٹیکنالوجی کی اہمیت کے متعلق معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے حقیقی تعلیم کے لیے اختراعی نوعیت کے حامل تدریسی امدادی اشیاء کی تیاری پر زور دیا۔ ابتداء میں پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹیکنالوجی نے شرکاء کا خیر مقدم کیا اور یونیورسٹی کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر یوسف خان، پرنسپل پالی ٹیکنیک نے شکریہ ادا کیا۔ محترمہ عصمت فاطمہ، کوآرڈینیٹر پروگرام نے کارروائی چلائی۔

## اردو میڈیم اساتذہ کے لیے ورکشاپ کا آغاز

حیدرآباد:9راگست (پریس نوٹ): مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (سی پی ڈی یو ایم ٹی) کے زیر اہتمام اردو میڈیم پرائمری اسکول کے اساتذہ کے لئے Content Enrichment پر پانچ روزہ آن لائن ورکشاپ کا آج آغاز ہوا۔ پہلے اجلاس میں پروفیسر محمد مشاہد، صدر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے Content Enrichment کی اہمیت اور افادیت پر سیر حاصل گفتگو کی اور شرکا کے سوالوں کے جوابات دیے۔ اس موقع پر مرکز کے ڈائرکٹر، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی نے خیر مقدمی کلمات پیش کیے اور ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کیے۔ اس اجلاس کی کارروائی مصباح انظر، اسسٹنٹ پروفیسر، سی پی ڈی یو ایم ٹی نے چلائی۔ اور ہدیہ تشکر ورک شاپ کو آرڈینیٹر، ڈاکٹر وقار النسا، اسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ تعلیم و تربیت نے پیش کیا۔ قبل ازیں ڈاکٹر عبدالعلیم کی تلاوت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز ہوا۔